
# وضو، تیمّم اور غسل کا طریقہ 2

## وضو کا طریقہ

دل میں وضو کی نیّت کرے، پھر بسم اللہ کہے، پھر اپنی دونوں ہتھیلیوں کو دھلے




1

پھر داہنی ہتھیلی سے پانی لے اور اس سے کلی کرے « پانی منہ میں ڈالے اور اسے منہ کے اندر حرکت دے »، پھر اسے نکال دے « یعنی پانی کو منہ سے باہر نکال دے »، پھر اپنے نتھنوں کے راستے ناک میں پانی چڑھائے پھر اسے جھاڑ دے « یعنی بائیں ہاتھ کے انگوٹھے اور شہادت کی انگلی کو ناک پہ رکھ کر ناک سے پانی کو جھاڑ دے »




2

پھر اپنے چہرے کو دھوئے « لمبائی میں پیشانی کے اوپر (جہاں سر کے بال اگتے ہیں) سے لے کر داڑھی اور ٹھوڑی کے آخر تک، اور چوڑائی میں دونوں کانوں کے درمیانی حصہ کو دھوئے »




3

پھر دونوں ہاتھ انگلیوں کے کناروں سے لے کر کہنیوں تک دھلے، پہلے داہنا ہاتھ دھلے پھر بایاں




4

پھر اپنے پورے سر کا مسح کرے، دونوں ہاتھ سر کے ابتدائی حصے سے گدّی کی طرف لے جائے پھر واپس ابتدائی سر کے حصے کی جانب لے آئے




5

پھر اپنی شہادت کی انگلیاں دونوں کانوں میں ڈالے اور انگوٹھوں سے کانوں کے ظاہری حصے پر مسح کرے



6

پھر اپنے دونوں پاؤں ٹخنوں سمیت دھل لے



7

- شرعی مقدار میں زیادتی کا حکم ؟

- دورانِ وضو شرعی مقدار میں زیادتی ناجائز ہے، جیسے تین بار سے زائد دھلنا، یا کہنی کے اوپر بازو کو دھلنا، یا ٹخنوں سے اوپر پنڈلی کو دھلنا، یا گردن کا مسح کرنا



8

وضو سے فراغت کے بعد یہ دعا پڑھے :

"أَشهَدُ أنَّ لا إلَهَ إلّا اللّه وَحدَهُ لا شَرِيكَ لَه ، وَأَشهَدُ أنَّ مُحَمَّداً عَبدُهُ وَرَسُولُهُ "، "اللَّهُمَّ اجعَلنِي مِنَ التَّوَّابِينَ واجعَلنِي مِنَ المُتَطَهِّرِينَ".

9

- وضو توڑنے والی چیزیں :

1- آگے یا پیچھے کی شرمگاہ سے کسی چیز کا نکلنا، جیسے پیشاب، پاخانہ یا ہوا
2- نیند یا بے ہوشی کی وجہ سے عقل کا زائل ہوجانا
3- اونٹ کا گوشت کھانا

10

## تیمم کا طریقہ

تیمم : تیمم پانی سے پاکی حاصل کرنے کا بدل ہے جب پاکی حاصل کرنے کے تمام یا بعض عضو میں پانی کا استعمال ناممکن ہو؛ پانی نہ پائے جانے، یا پانی کے استعمال سے نقصان کا اندیشہ ہونے کی وجہ سے، تو اس صورت میں مٹی پانی کے قائم مقام ہوتی ہے

1


دل سے تیمم کی نیّت کرے پھر بسم اللہ کہے، پھر دونوں ہاتھ ایک بار زمین پر مارے، اور ہاتھوں کے نچلے حصے سے اپنے چہرے اور ہتھیلی کے اوپر حصے کا مسح کرے

4 3 2 1



2

مٹی پہ ہاتھ مارتے وقت انگلیوں کو پھیلانا مشروع عمل نہیں ہے، اور نہ ہتھیلیوں کے مسح کے وقت انگلیوں کا خلال رکھنا



3

## واجب غسل کا طریقہ

دل میں غسل کی نیت کرے اور دھیرے سے بسم اللہ کہے، پھر کلی کرے اور ناک میں پانی چڑھائے، اور پانی پورے جسم پہ ڈال لے یہاں تک کہ ہلکے و گھنے بالوں کی جڑوں تک اچھے سے پہنچ جائے

1

- غسل واجب کر دینے والی چیزیں :

1- جنابت : جماع کی وجہ سے منی کا خارج ہونا، یا اس کے مشابہ کسی چیز جیسے شہوت یا احتلام کی وجہ سے، یا بغیر انزال کے مرد و عورت کے ختنوں کا آپسی ملاپ 2- حیض یا نفاس کا خون نکلنا 3- موت، سوائے معرکہ میں شہید ہونے والے شخص کے 4- کافر کا اسلام قبول کرنا

2

تیار کردہ : ڈاکٹر ہیثم سرحان : آپ مسجد نبوی کے استاد، اور « معهد السنة : mahadsunnah.com » کے نگراں ہیں

حقوقِ طباعت، نشر و اشاعت اور تقسیم دستیاب ہیں - ترجمہ کے لئے sarhaan.com یا پھر بارکوڈ اسکین کریں